پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگویج، آرٹ اینڈ کلچر

محکمہ اطلاعات وثقافت، حکومت پنجاب

پنجابی کمپلیکس، 1-قذافی سٹیڈیم فیروز پور روڈ۔لاہور

پریس ریلیز

لاہور (پ۔ ر) پنجاب انسٹیٹیوٹ آف لینگویج، آرٹ اینڈ کلچر (پِلاک)، محکمہ اطلاعات وثقافت حکومت پنجاب کے زیر اہتمام تیار اور شائع کی گئی پِلاک ڈکشنری (پنجابی سے پنجابی) کی پر وقار تقریبِ رونمائی کا انعقاد گورنر ہاؤس لاہور میں کیا گیا جس کی صدارت معروف صحافی ضیاء شاہد نے کی جبکہ گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور مہمانِ خصوصی تھے۔تقریب میں مشہور دانشوروں، فنکاروں، گلوکاروں، صحافیوں اور پنجابی زبان کے شاعروں، ادیبوں نے شرکت کی۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد سرور نے کہا کہ جب کوئی اپنی مادری زبان استعمال کرتا ہے جس کے ساتھ ہمیشہ اس کی شناخت اور ثقافت منسلک ہوتی ہے تو وہ خود کو اپنے گھر میں محسوس کرتا ہے۔ انہوں نے پنجابی زبان کی 7 جلدوں پر مشتمل ضخیم لغت کی تیاری پر پِلاک کو مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ جیسا کہ مقررین نے اس لغت کو برصغیر کی سب سے بڑی لغت قرار دیا ہے لہٰذا یہ دنیا کی سب سے بڑی پنجابی لغت ہے کیونکہ پنجابی بولنے والوں کی سب سے بڑی تعداد برصغیر میں ہے۔ گورنر نے ممتاز تجزیہ کار سہیل وڑائچ کی تجویز سے اتفاق کیا کہ پنجاب کو اپنے رسم ورواج، روایات، کھیلوں، پکوانوں اور ثقافت کو اجاگر کرنے کے لئے ''پنجاب ڈے'' کے طور پر ایک خاص دن مختص کرنا چاہیئے۔

وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب سید صمصام بخاری نے لغت کی اشاعت کی تحسین کرتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت پنجاب مادری زبان، فن اور ثقافت کے فروغ کیلئے اس طرح کے ادبی

منصوبوں کی تکمیل کے لئے اپنا بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔

سہیل وڑائچ نے اس منصوبے کی کامیاب تکمیل کو پنجابی زبان کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ انہوں نے زبان کی ترویج کے لئے تحقیق اور حوالہ جات کی اہمیت پر زور دیا جس کے لئے ایک لغت کی ہمیشہ سے ضرورت رہتی ہے۔

ڈاکٹر صغرا صدف ڈائریکٹر جنرل پلاک نے ایک ضخیم لغت مکمل کرنے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس منصوبے کی تکمیل میں حکومت کی حمایت پر خصوصی شکریہ ادا کیا۔

منصوبے کے نگران ڈاکٹر شاہد کشمیری نے اس کی کامیاب تکمیل پر ادارے اور محققین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کی بھرپور تحسین کی۔

ضیاء شاہد نے کہا کہ پنجابی زبان کو بنیادی سطح پر لازمی قرار دیئے جانے کا اعلان کیا جانا چاہئے تا کہ نئی نسل اپنی زبان کے ہزار سالہ ادب سے روشناس ہو سکے۔

ڈاکٹر اجمل نیازی، ڈاکٹر حسین احمد پراچ، ڈاکٹر نبیلہ رحمان، سجاد میر، شوکت علی، عارف لوہار، راشد محمود، بابا نجمی، ناصر ادیب، بشریٰ اعجاز، بشریٰ صادق، عمرانہ مشتاق، شاہدہ دلاور شاہ، توقیر احمد شریفی، آمنہ الفت، ہارون عدیم، اقبال قیصر، ممتاز راشد لاہوری، مدثر اقبال بٹ، حبیب میاں، شاہدہ منی، بینا گوئیندی، ثروت محی الدین، صدر پریس کلب ارشد انصاری، نوید چوہدری، منصور آفاق، عتیق انور راجہ، کنول فیروز، حفیظ طاہر، ناصر بشیر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے ڈکشنری کی طے شدہ وقت میں تکمیل اور اشاعت پر مبارک باد دی اور ڈائریکٹر جنرل پلاک ڈاکٹر صغرا صدف کے اس کارنامے کو سراہا۔

☆☆☆